# دفتر افسر اعلی تعلقات عامہ

## جامعہ ملیہ اسلامیہ

### پریس ریلیز

**جامعہ ملیہ اسلامیہ نے ٹائمز ہائر ایجوکیشن (ٹی ایچ ای) انٹر ڈسپلنری سائنس رینکنگ دو ہزار چھبیس میں اسی واں مقام حاصل کیا**

New Delhi 21, November 2025

تعلیم کے عالمی منظر نامے پر سنگ میل عبور کرتے ہوئے جامعہ ملیہ اسلامیہ نے ٹائمس ہائر ایجوکیشن (ٹی ایچ ایم) انٹر ڈسپلنری سائنس رینکنگ دو ہزار چھبیس میں دنیا بھر میں ایک سو تین مقام سے اسی ویں مقام تک آ کر ایک شان دار جست لگائی ہے۔ واضح ہو کہ ٹی ایچ ای نے کل اس کا اعلان کیا تھا۔

بلندی کی طرف توجہ انگیز اضافہ بین علومی تحقیق، تعلیمی اختراعیت، سائنسی پیش رفت اور بین الاقوامی اشتراکات کے تئیں جامعہ کے غیر متزلزل عہد کو اجاگر کرتا ہے۔ یہ شان دار کامیابی یونیورسٹی کے بڑھتے عالمی اثر اور جملہ اہم تعلیمی منطقوں میں متواتر معیاری بہتری پر اہم توجہ کا ثبوت ہے۔

جامعہ کی اس کامیابی پر انتہائی مسرت اور فخر کا اظہار کرتے ہوئے عزت مآب شیخ الجامعہ پروفیسر مظہر آصف نے کہا کہ ''ٹی ایچ ای انٹر ڈسپلنری سائنس رینکنگ دو ہزار چھبیس میں جامعہ کی اونچی رینکنگ یونیورسٹی کی موثر کارکردگی اور جدید و بین علومی تحقیق کو تدریس و اختراعیت کی آمیزش کو آشکار کرتی ہے جس نے اسے عالمی رہنما کے طور پر ابھارنے میں مدد بہم پہنچائی ہے۔ ہمارے محققین، سائنس داں اور اعلی درجے کے فیکلٹی اراکین نے اپنے اپنے شعبوں میں مسلسل نئے خیالات و افکار کے اظہار اور اختراعیت کے فروغ سے عالمی سائنسی ترقی میں غیر معمولی تعاون دیا ہے۔ عالمی سطح پر اس غیر معمولی کامیابی کے لیے میں پوری یونیورسٹی کو مبارک باد پیش کرتا ہوں۔''

پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے جامعہ برادری کو مبارک باد دیتے ہوئے کہا ''یہ رینک ہمارے فیکلٹی اراکین، محققین، اسکالرس اور طلبہ کی محنت شاقہ کا ثمرہ ہے جنھوں نے اپنے تحقیق شعبوں میں افضلیت کے حصول کے لیے خود کو وقف کر دیا اور ادارہ جاتی ترقی میں اپنا بیش قیمت تعاون دیا۔ جامعہ کو بین علومی، کثیر علومی سائنس، تعلیمی اور تحقیقی افضلیت و اختراعیت کے ایک مرکز کے طور پر ابھارنے میں انھوں نے ہماری بہت مدد کی ہے۔'' انھوں نے مزید کہا کہ 'ہم سرحدوں کو آگے بڑھاتے رہیں گے اور پائے دار ترقی اہداف اور ملکی ترقی کے لیے فکر منداعلی معیاری تحقیق کی مدد سے قومی اور بین الاقوامی سطح پر بامعنی اثر پیدا کریں گے۔''

پروفیسر آصف اور پروفیسر رضوی نے انٹرنل کوالیٹی ایشورینس سیل (آئی کیو اے سی) اور ادارہ جاتی افضلیت کے استحکام کے پوری جامعہ برادری کی اجتماعی کوششوں اور ان کے تعاونات کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ انہیں یقین ہے کہ جامعہ مستقبل میں بھی قومی اور بین الاقوامی سطح پر سرخ رو ہوتی رہے گی اور عالمی شناخت اور تعلیمی امتیاز کے سفر میں اپنا اعلی مقام برقرار رکھے گی۔

پروفیسر صائمہ سعید

افسر اعلی، تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ